10 اگست 2018ء

## مالی سال 19ء کے پہلے ماہ میں بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے 1.93 ارب ڈالر کی ترسیلات بھیجیں

بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے مالی سال 19ء کے پہلے ماہ (جولائی) میں 1929.76 ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے، جبکہ گذشتہ برس اس عرصے میں 1541.67 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

جولائی 2018ء میں کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت 1929.76 ملین ڈالر رہی جو جون 2018ء کے مقابلے میں 21.03 فیصد زائد ہے جبکہ جولائی 2017ء کے مقابلے میں 25.17 فیصد زائد ہے۔ بلحاظ ملک جولائی 2018ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 437.48 ملین ڈالر، 433.42 ملین ڈالر، 280.34 ملین ڈالر، 277.51 ملین ڈالر، 199.31 ملین ڈالر، اور 64.90 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے، جبکہ جولائی 2017ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 408.84 ملین ڈالر، 334.63 ملین ڈالر، 193.7 ملین ڈالر، 199.18 ملین ڈالر، 192.02 ملین ڈالر اور 52.08 ملین ڈالر تھیں۔ جولائی 2018ء میں ملائشیا، ناروے، سوئٹزر لینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 236.80 ملین ڈالر رہیں جبکہ جولائی 2017ء میں ان ملکوں سے 161.22 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

******